**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 5 minutes Marks: 60**

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔** |
| **امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

**حصّۂ نثر:**

سوال۔1 (کل 15 نمبر)

(الف) آپ کے مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب) میں شامل سبق 'ایک شام ماضی کے محرابوں میں' کے مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے بتائیے کہ یہ سبق اردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اس صنفِ ادب کی تعریف بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) ''غالب: ایسا مت کہو، زور آور! غریبوں اور مفلسوں کو رسوا نہ کرو۔ دنیا کا ہر بڑا آدمی اور بڑا انقلاب انھی جھونپڑیوں سے اُٹھا ہے۔'' (مجموعۂ نظم و نثر: 'مرزا غالب بندر روڈ پر' از: خواجہ معین الدین)

درج بالا عبارت کے پس منظر میں آپ اپنے مشاہدے یا مطالعے سے کسی ایسی شخصیت / ادارے / گروہ / ملک کے بارے میں تحریر کیجیے جو کہ بہ ظاہر عام سی حیثیت کا حامل رہا ہو، مگر پھر بھی وہ اپنے کسی بڑے کارنامے کی وجہ سے خاص بن گیا ہو۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

(ج) ''فرانسیسی قوم کا مذاق اس جہاز کی عمدگی اور نفاست سے ظاہر ہے۔ ہر روز صبح کو کئی آدمی جہاز کی صفائی میں مصروف ہوتے ہیں اور ایسی خوبی سے صفائی کرتے ہیں کہ ایک تنکا تک جہاز پر نہیں رہنے دیتے۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'مولوی انشااللہ خان کے نام' از: علامہ اقبال)

درج بالا اقتباس میں فرض شناسی کی عکاسی کی گئی ہے۔ آپ بتائیے کہ ہمارے نجی یا سرکاری اداروں میں کن معاملات میں فرض شناسی کی اشد ضرورت ہے؟ کوئی دو مثالیں تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

---

---

---

---

(د) ''آمنے سامنے کھڑی بیگموں کو یکایک احساس ہوا کہ وہ ایک دوسرے کے بچوں کو سینے سے چمٹائی رو رہی ہیں۔ اِس صورتِ حال کا انکشاف اُن پر ایک ساتھ ہوا، کیوں کہ دونوں ایک ساتھ ہنسنے لگیں۔ پھر بیگم خواجہ ہنسی روک کر بولیں: ''ہائے! ہم بھی کیسی پاگل ہیں۔'' ''پاگل ہو گی تو۔'' بیگم راجا بولیں اور ساتھ ہی زور کا قہقہہ مارا۔ بیگم خواجہ نے اِس قہقہے کا ساتھ دیا۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'مائیں' از: احمد ندیم قاسمی)

درج بالا اقتباس کے سیاق و سباق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بتائیے کہ وہ کون سا نفسیاتی عنصر ہے جو 'بیگم خواجہ' اور 'بیگم راجا' کے مابین لڑائی کے خاتمے کا باعث بنا؟ نیز دونوں کرداروں کے مابین لڑائی کا سبب بننے والے واقعے کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

---

---

---

---

---

---

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

(ہ) ''بادشاہ اپنی حسین و جوان سال ملکہ کو دیوانہ وار چاہتا تھا۔ ملکہ دل ہی دل میں اس کی الفت پر ناز کرتی، مگر فطرۃً وہ عورتوں کے اس غیور و خود سر طبقے میں سے تھی جو دنیا میں کسی کا احسان مند ہو کر رہنا، کسی کو اپنی کمزوری سے باخبر کرنا اور اپنے تیئں اس کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا عورت کے وقار کے منافی سمجھتا ہے۔ وہ انسان تھی اور انسانوں کی طرح اس کے سینے میں بھی درد و محبت کا طوفان بارہا اُٹھتا۔ مگر اس کا جذبۂ خود داری اسے دبا لینے میں کامیاب ہو جاتا۔'' (مجموعۂ نظم و نثر: 'مجسمہ' از: غلام عباس)

درج بالا اقتباس میں مذکور ملکہ کی شخصیت کے حوالے سے کسی بھی **تین** رویوں کی نشان دہی کیجیے۔ نیز ملکہ کے انھی شخصی رویوں میں سے کسی بھی **ایک** رویے کی سبق 'مجسمہ' سے وضاحت کیجیے۔ (4 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 20 نمبر)

(الف)

دیکھ کر اپنے در و بام، لرز اُٹھتا ہوں
میرے ہم سائے میں جب بھی کوئی دیوار گرے

درج بالا شعر کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔ نیز اسی مرکزی خیال کی دیے گئے شعر سے وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب)

چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

درج بالا شعر کی تشریح بہ حوالۂ شاعر کیجیے۔ نیز خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کیجیے۔ (4 نمبر)

Annual Examinations 2025 AKU-EB
for Teaching & Learning only

(ج)

وقت اچھا بھی آئے گا ناصرؔ
غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی

درج بالا شعر کا مفہوم بیان کیجیے۔ نیز اِسی مفہوم کی عکاسی میں آپ اپنی زندگی سے کوئی مثال تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

(د) عِلمِ بیان کی اصطلاح ’تشبیہ‘ کی تعریف بیان کیجیے۔ نیز تشبیہ سے متعلق **ایک** شعری مثال تحریر کرتے ہوئے اُسی شعر سے ارکانِ تشبیہ ’مشبہ‘ اور ’مشبہ بہ‘ کی نشان دہی کیجیے۔ (4 نمبر)

(ہ)

کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

دیے گئے شعر میں علمِ بدیع کی صنعت ’تلمیح‘ مستعمل ہے۔ آپ ’صنعتِ تلمیح‘ کی تعریف بیان کیجیے۔ نیز درج بالا شعر میں موجود ’تلمیح‘ سے متعلق لفظ / الفاظ کی نشان دہی کرتے ہوئے اُس لفظ / اُن الفاظ کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

(و)

شعر نمبر ۱:

مصحفی یار کے گھر کے آگے
ہم سے کتنے نگھرے بیٹھے ہیں

شعر نمبر ۲:

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

درج بالا اشعار میں سے کس شعر میں 'مطلع' اور کس شعر میں 'مقطع' کی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟ نیز اشعار میں سے ان خصوصیات کی نشان دہی کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔3 (کل 15 نمبر)




دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں **کہانی** یا **مکالمہ** تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ **کہانی نویسی / مکالمہ نگاری** کے اہم عناصر ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے معاشرتی معاملات میں نمود و نمائش کے ذریعے دکھاوے کے رویے کی وجہ بیان کیجیے۔ نیز اس رویے کے سبب ہونے والا نقصان واضح کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے ایسے افراد کا طرزِ عمل واضح کیجیے جو کہ معاشرتی معاملات برتنے میں اپنے وسائل سے زیادہ نمود و نمائش میں پڑے رہتے ہیں۔ نیز اس طرزِ عمل سے بچنے کی نصیحت کے تناظر میں تحریر کا احاطہ کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیے۔

**کہانی / مکالمہ**

**عنوان:** ____________________

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning Only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

**مکتوب نگاری:**

سوال۔4 (کل 10 نمبر)

| |
|---|
| معاشرتی زندگی میں پیار محبت بڑھانے میں باہمی تحائف وغیرہ کے تبادلے کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ خلوص و محبّت کا اظہار کرنے اور بڑھانے کے لیے تحفے تحائف کا تبادلہ باہمی دلوں کے جوڑنے کا حیرت انگیز زود اثر نسخہ ہے۔ (https://www.express.pk) |

درج بالا اقتباس کے پس منظر میں اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے، جس میں معاشرے کی اصلاح کے حوالے سے اخبار کی خدمات بیان کرتے ہوئے درج ذیل نکات شامل تحریر ہوں:

- لوگوں کا آپس میں ایک دوسرے کو تحفے تحائف دینے کی روایت بر قرار رکھنے کے معاشرے پر مثبت اثرات،
- ہمارے معاشرے میں تحفہ دینے کے کم ہوتے ہوئے رجحان کا بنیادی سبب،
- تحفہ دینے میں کس بات کا خاص خیال رکھا جائے؟ نیز تحفہ دینے کے مثبت اثرات کے حوالے سے ذاتی مشاہدے سے کوئی مثال،
- دوست احباب اور رشتے داروں کے درمیان تحفے تحائف دینے کا کوئی خاص موقع۔

Annual Examinations 2025 AKU-EB
for Teaching & Learning only

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only